


**صدر ہنری بی۔ آئرنگ**
صدارتی مجلس اعلیٰ میں مشیر اول

# سنجیدگی سے انجیل کا پیغام سنانا

خدا اپنے تیار شدہ لوگوں کو اپنے تیار شدہ خادموں کے طریقے کے مطابق لائے گا جو انجیل کو بیان کرنا چاہتے ہیں۔ آپ نے اُسے اپنی زندگی میں وقوع ہونے دیا ہے۔ یہ کتنی دفعہ وقوع ہوتا ہے اِس کا انحصار آپ کے ذہن اور دل کی تیاری پر ہے۔

میرا ایک دوست ہے جو ہر روز کسی ایسے شخص سے ملنے کی دعا کرتا ہے جو انجیل قبول کرنے کے لئے تیار ہوتا ہے۔ وہ اپنے ساتھ مورمن کی کتاب رکھتا ہے۔ ایک مختصر دورے سے ایک رات پہلے، اُس نے مورمن کی کتاب کی جلد رکھنے کی بجائے رابطہ کارڈ پاس رکھنے کا فیصلہ کیا۔ مگر جب وہ جانے کے لئے تیار تھا، تو اُس نے ایک روحانی تاثر پایا: ”اپنے ساتھ مورمن کی کتاب لو۔“ اُس نے ایک جلد اپنے تھیلے میں ڈال لی۔

دَورے پر ایک جاننے والی عورت جب اُس سے اگلی سیٹ پر بیٹھی، تو وہ حیران ہوا، ”کیا یہ وہ ہے؟“ واپسی پر بھی اُنہوں نے اکٹھے ہی سفر کیا۔ اُس نے سوچا، ”میں انجیل کیوں لایا ہوں؟“

اِس کی بجائے، اُس عورت نے اُسے کہا، ”تم اپنی کلیسیا کو دہ یکی دیتے ہو، کیا تم نہیں دیتے ہو؟“ میرے دوست نے کہا ہاں وہ دیتا ہے۔ پھر اُس عورت نے کہا، وہ اپنی کلیسیا میں دہ یکی دینے کا سوچ رہی تھی مگر نہیں دی۔ پھر اُس نے کہا، ”آپ مجھے مورمن کی کتاب کے بارے کیا بتا سکتے ہو؟“

اُس نے واضح کیا، کتاب ایک صحیفہ ہے، یسوع مسیح کی ایک اور گواہی، جس کا ترجمہ نبی جوزف سمتھ نے کیا۔ اُس عورت نے دلچسپی ظاہر کی، پس میرے دوست نے اپنے تھیلے میں ہاتھ ڈالا اور کہا، ”مجھے یہ کتاب اپنے ساتھ لانے کا تاثر ملا تھا۔ میرا خیال ہے یہ آپ کے لئے ہے۔“

اُس نے اِس کا مطالعہ شروع کیا۔ جب وہ جدا ہوئے، تو اُس عورت نے کہا، ”آپ اور میں اِس کے بارے مزید گفتگو کریں گے۔“

جو میرا دوست نہیں جانتا تھا مگر خدا جانتا تھا کہ وہ عورت کلیسیا کی تلاش میں تھی۔ خدا جانتا تھا کہ وہ میرے دوست کو دیکھ چکی تھی اور حیران تھی کہ اُس کی کلیسیا نے اُسے اتنا خوش کیسے بنایا تھا۔ خدا جانتا تھا کہ وہ مورمن کی کتاب کے بارے پوچھے گی اور مشنریوں کے وسیلے سے سیکھنے کے لئے رضامند ہو گی۔ وہ تیار تھی۔ جیسے کہ میرا دوست۔ آپ اور میں بھی تیار ہو سکتے ہیں۔

وہ تیاری جس کی ہمیں ضرورت ہے وہ ہمارے ذہن اور دل میں ہے۔ اُس خاتون نے مورمن کی کتاب کے کلام کے بارے، خداوند کی بحال شدہ کلیسیا کے بارے، اور خدا کو دہ یکی ادا کرنے کے حکم کے بارے سنا اور یاد رکھا تھا۔ اور اُس نے اپنے دل میں سچائی کی گواہی کو محسوس کرنا شروع کر دیا تھا۔

خداوند نے فرمایا ہے وہ روح القدس کے وسیلے سے ہمارے ذہن اور دل میں سچائی کو منکشف کرے گا۔ (دیکھئے تعلیم ۸:۲)۔ بہت سارے لوگ جن سے آپ ملیں گے وہ اُس تیاری کا آغاز کر چکے ہوں گے۔ اُنہوں نے خدا اور اُس کے کلام کو سنا اور مطالعہ کیا ہو گا۔ اگر اُن کے دل نرم ہیں، اُنہوں نے سچائی کے استحکام کو خواہ قدرے ہلکا ہی محسوس کیا ہے۔

وہ عورت تیار تھی۔ جیسے کہ مقدسین آخری ایام کا میرا دوست جس نے مورمن کی کتاب کا مطالعہ کیا ہوا تھا۔ اُس نے گواہی محسوس کی کہ یہ سچی ہے، اور اُس نے مورمن کی کتاب کی ایک جلد لینے کے لئے روح کی ہدایت کو پہچانا۔ وہ اپنے ذہن اور دل میں تیار تھا۔

خدا لوگوں کو تیار کر رہا ہے کہ وہ بحال کردہ سچائی کی گواہی کو پائیں۔ اُس کے لئے آپ کے ایمان اور آپ کے اعمال کی ضرورت ہے کہ اُس کو بلا خوف بیان کر سکیں جو آپ کے لئے اور آپ کے عزیزوں کے لئے اِس قدر قیمتی بن گیا ہے۔

ہر روز اپنے ذہن کی انجیلی سچائیوں کے ساتھ معمور کرنے کے باعث بیان کرنے کے لئے تیار ہوں۔ جب آپ حکموں پر قائم رہتے ہیں اور اپنے عہود کی عزت کرتے ہیں ، تو آپ روح کی گواہی کو محسوس کریں گے اور اپنے لئے اور اپنے ملنے والوں کے لئے نجات دہندہ کی محبت کو زیادہ محسوس کریں گے۔

اگر آپ اپنے حصے کا کام کرتے ہو، تو ایسے لوگوں کے ساتھ ملاقات کرنے کے خوشگوار تجربے میں اضافہ ہوگا جو آپ کی طرف سے سنجیدگی سے پیش کی جانے والی سچائی کی گواہی کو سننے کے لئے تیار ہوئے ہیں۔

### اِس پیغام سے تعلیمات

خاندان کے ساتھ اُس پیراگراف کے اگلے پیرے سے لے کر آخر تک پیغام کا مطالعہ اور گفتگو کرنے کے بارے سوچیں جہاں صدر آئرنگ نے کسی کی گواہی کو مضبوط کرنے کے طریقوں کے بارے گفتگو کی ہے۔ جب انجیل بیان کریں تو خاندان کے ساتھ گواہی دینے کی اہمیت کے بارے گفتگو کریں۔ خاندان میں بچے اِس کردار کو مدد گار پا سکتے ہیں کہ دوستوں کے سامنے کیسے گواہی دی جاتی ہے۔

## نوجوان

### یہ جانتے ہوئے کہ کیا کہنا ہے

اگر آپ محسوس کرتے ہیں کہ آپ کافی کچھ نہیں جانتے ہیں کہ دوسرے کے ساتھ انجیل کو کیسے بیان کرنا ہے، تو صحائف سے اِن وعدوں میں تسلی پائیں۔

”اپنی آوازیں اِن لوگوں کے لئے اُٹھاؤ؛ اُن خیالات کے بارے بولو جو میں تمہارے دِلوں میں ڈالوں گا، تو تم لوگوں کے سامنے پشیمان نہ ہو گے؛

”بلکہ تمہیں اُسی گھڑی، ہاں، بلکہ اُسی لمحے بتا دیا جائے گا کہ کیا کہنا ہے“

(تعلیم و عہد ۱۰۰:۵–۶)

—”لیکن مدد گار یعنی رُوح القدس جِسے باپ میرے نام سے بھیجے گا وہی تمہیں سب باتیں سکھائے گا، اور جو کچھ میں نے تم سے کہا ہے وہ سب تمہیں یاد دلائے گا“ (یوحنا ۱۴:۲۶)۔

اِن عظیم وعدوں کو حاصل کرنے کے لئے، ہمیں اپنا حصہ ادا کرنا ہے۔ اِس پیغام میں، صدر آئرنگ نے ہمیں سکھایا ہے کہ کس طرح سے: ”ہر روز اپنے ذہن کو انجیل کی سچائیوں سے معمور کرنے کے باعث [انجیل] کو بیان کرنے کے لئے تیار ہونا ہے۔“ آپ اپنے ذہن کو انجیل کی سچائیوں سے معمور کرنے کے لئے کیا کر سکتے ہیں؟

## بچے

### بیان کرنے کے لئے تیار ہونا

صدر آئرنگ بتاتے ہیں کہ انجیل کو بیان کرنے کی تیاری کا ایک اہم راستہ اپنے ذہنوں کو انجیل کی سچائیوں سے معمور کرنا ہے۔ آپ چند چیزوں کو بیان کرنے کے لئے تیاری کے واسطے کیا کر سکتے ہیں۔

© 2012 by Intellectual Reserve, Inc. جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ پاکستان میں چھپا۔ اجازت برائے انگریزی: 6/11 اجازت برائے ترجمہ: 6/11۔ صدارتی مجلس اعلیٰ کا پیغام ستمبر ۲۰۱۲ء کا Urdu ترجمہ۔ 10369 434

ایمان، خاندان، فلاح

# خاص ضروریات اور سر انجام دینے والی خدمت

جب مناسب ہو، دعا گو ہو کر اِس پیغام کا مطالعہ کریں، اُن بہنوں کے ساتھ اِس کے بارے گفتگو کریں جن سے ملاقات کرنے جاتی ہیں۔ وہ سوالات استعمال کریں جو آپ کی بہنوں کو مضبوط کرنے میں آپ کی مدد کرتے ہیں اور ریلیف سوسائٹی کو اپنی زندگی کا سر گرم حصہ بنائیں۔

"دوسروں کی ضروریات ہمیشہ موجود رہی ہیں،" صدر تھامس ایس۔ مانسن نے کہا، "اور ہم میں سے ہر ایک کسی کی مدد کرنے کے لئے کچھ کر سکتا ہے۔۔۔ جب تک ہم دوسروں کی خدمت میں اپنے آپ کو کھوئیں گے نہیں، تو ہماری زندگیوں کا مقصد بہت ہی چھوٹا ہے۔"[۱]

بطور خاندانی معلمات ہم ملاقات کے لئے جانے والی ہر ایک بہن کو مُخلصی سے جان سکتی ہیں اور ہر ایک سے پیار کر سکتی ہیں۔ وہ جن سے ہم ملنے جاتی ہیں اور اُن سے پیار کرتی ہیں اُن کے لئے ہماری محبت کا بہاؤ فطری ہے (دیکھئے یوحنا ۱۳:۳۴–۳۵)

ہم اپنی بہنوں کی دنیاوی اور روحانی ضروریات کو کس طرح سے جان سکتے ہیں تاکہ ضرورت کے وقت ہم اُن کے لئے اپنی خدمت سر انجام دے سکیں؟ خاندانی معلمات کے طور پر، جب ہم اُن بہنوں کے لئے دعا کرتی ہیں جن سے ملاقات کرتی ہیں تو، ہمیں، الہام پانے کا حق ملتا ہے۔

اپنی بہنوں کے ساتھ باقاعدہ رابطہ رکھنا بھی ایک اہم بات ہے۔ ذاتی ملاقاتیں، ٹیلی فون کالز، حوصلہ افزائی کا نوٹ، ای۔ میل، اُس کے ساتھ بیٹھنا، تعریف کا مُخلص خط، کلیسیا میں اُس کے پاس پہنچنا، بیماری یا ضرورت کے وقت اُس کی مدد کرنا، اور خدمت کے دوسرے کام سب کے سب ایک دوسرے کو مضبوط کرنے اور نگرانی کرنے میں ہماری مدد کرتے ہیں۔[۲]

خاندانی معلمات سے کہا جاتا ہے کہ وہ بہتری کی رپورٹ، بہنوں کی خاص ضروریات کی، اور اُن کے لئے سر انجام دی جانے والی خدمات کی رپورٹ دیں۔ اِس قسم کی رپورٹیں اور ہماری بہنوں کے لئے ہماری خدمات ہماری شاگردیت کا مظاہرہ کرنے میں ہماری مدد کرتی ہیں۔[۳]

## صحائف سے

یوحنا ۱۰:۱۴–۱۶؛ ۳ نیفی ۱۷:۷، ۹؛ مرونی ۶:۳–۴

## اپنی تاریخ سے

ایک دوسرے کی خدمت کرنا ہمیشہ سے ہی خاندانی تدریس کا مرکز رہا ہے۔ اِس جاری خدمت کے وسیلے سے ہم ایسے مہربانی اور دوستی پیدا کرتی ہیں جو ماہانہ ملاقاتوں سے کہیں بڑھ کر ہے۔ اور اِس کے لئے ہماری حفاظت ہی کو شمار کیا جا سکتا ہے۔

"میری خواہش ہے کہ میں اپنی بہنوں سے التجا کروں کہ وہ فون کال یا سہ ماہی یا ماہانہ وار ملاقات سے گھبرانا چھوڑیں،" میری ایلن سموٹ نے کہا، ریلیف سوسائٹی کی ۱۳ویں جنرل صدر۔ اُس نے ہمیں کہا، "اِن معصوم جانوں کی پرورش کی بجائے اِن پر توجہ مرکوز کریں۔"[۴]

صدر سپنسر ڈبلیو قمبل (۱۸۹۵ء سے ۱۹۸۵ء) نے بتایا، "یہ ضروری ہے کہ ہم بادشاہت میں ایک دوسرے کی خدمت کریں۔" اگرچہ وہ اِس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ ہر ایک خدمت کے لئے دلیرانہ ہونے کی ضرور نہیں ہے۔ "پس اکثر، ہماری خدمت کے اعمال محض حوصلہ افزائی یا دینے پر مشتمل ہوتے ہیں۔۔۔ معمولی کاموں کے ساتھ مدد کریں،" اُس نے کہا، "مگر چھوٹے اور ارادی کاموں سے کیسے جلالی نتائج نکل سکتے ہیں!"[۵]

### حوالہ جات


۱۔ صدر تھامس ایس۔ مانسن، "What Have I Done for Someone Today?" لیحونا، نومبر ۲۰۰۹ء، ۸۵۔

۲۔ دیکھئے ہینڈ بک ۲: کلیسیائی نظم و نسق (۲۰۱۰ء)، 9.5.1۔

۳۔ دیکھئے ہینڈ بک ۲، 9.5.4۔

۴۔ میری ایلن سموٹ، میری سلطنت میں بیٹیاں: ریلیف سوسائٹی کا کام اور تاریخ (۲۰۱۱ء)، ۱۱۷۔

۵۔ کلیسیائی صدور کی تعلیمات: سپنسر ڈبلیو قمبل، (۲۰۰۶ء)، ۸۲۔


### میں کیا کر سکتی ہوں؟

**۱۔** کیا میں یہ جاننے کے لئے ذاتی الہام کی تلاش میں ہوں کہ کس طرح سے ہر ایک اُس بہن کی روحانی اور دنیاوی ضروریات کا جواب دینا ہے جن کی نگرانی پر مجھے مقرر کیا گیا ہے؟

**۲۔** وہ بہنیں جن کی میں نگرانی کرتی ہوں کیسے جانتی ہیں کہ میں اُن کی اور اُن کے خاندانوں کی فکر کرتی ہوں؟

مزید معلومات کے لئے، www.reliefsociety.lds.org پر جائیں۔

© 2012 by Intellectual Reserve, Inc. ۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ پاکستان میں چھپا۔ اجازت برائے انگریزی: 6/11۔ اجازت برائے ترجمہ: 6/11۔ خاندانی معلماتی پیغام ستمبر ۲۰۱۲ء کا Urdu ترجمہ۔
10369 434